روزنامہ

الفضل

ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 13 جنوری 2009ء 15 محرم 1430 ہجری 13 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 9

راہ خدا میں خرچ کرنے والوں کی مثال

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

جو لوگ اپنے مالوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کی حالت اس دانہ کے مشابہ ہے جو سات بالیں اگائے اور ہر بالی میں سو دانہ ہو۔ اور اللہ جس کے لئے چاہتا ہے اس سے بھی بڑھا کر دیتا ہے اور اللہ وسعت دینے والا اور بہت جاننے والا ہے۔

(البقرہ :262)

درود شریف کی اہمیت اور افادیت انفاق فی سبیل اللہ کی برکت اور وقف جدید کے نئے سال کا اعلان

مال کی قربانی ایمان میں ترقی کے ساتھ محبت اور اخلاص کی مظہر ہے

اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہی ایک مومن کے لئے جنت ہے، اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیں اس کے حصول کی کوشش کی طرف متوجہ رکھے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 9 رجنوری 2009ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 9 جنوری 2009ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ متعدد زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا ہر قسم کی برکات اب درود شریف کے ساتھ وابستہ کر دی گئی ہیں اس لئے ہمارا یہ کام ہے کہ درود شریف کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے آنحضرت ﷺ پر بہت زیادہ درود بھیجیں اور اس پر ہمیشہ عمل پیرا رہیں۔ ہماری کامیابیوں اور ترقیات کا ذریعہ درود شریف اور دعائیں ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ وقف جدید کے مالی نظام کے نئے سال کا آغاز ہو گیا ہے۔ انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت اور برکات کے حوالے سے قرآن کریم کی رو سے بیان فرمایا کہ یقیناً صدقہ دینے والے مرد اور عورتیں اور وہ لوگ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال میں سے اس کی راہ میں خرچ کیا تو ان کا مال ان کے لئے بڑھایا جائے گا اور انہیں عزت والا بدلا دیا جائے گا۔ پس مالی قربانی چاہے وہ کسی رنگ میں بھی ہو خدا تعالیٰ اس کی قدر کرتا ہے۔ بشرطیکہ وہ خالصتاً اللہ تعالیٰ کے لئے ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج دین حق کی تعلیم کے مطابق حقیقی رنگ میں من حیث الجماعت صرف جماعت احمدیہ ہی اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کیلئے مال خرچ کرتی اور قربانیاں دیتی ہے۔ فرمایا کہ بدعات اور رسومات پر دنیا دار لوگ بے انتہا خرچ کرتے ہیں اگر ہم بھی دوسروں کے دیکھا دیکھی اپنے ماحول کے پیچھے چلتے رہے اور حضرت مسیح موعود کی بیعت کے مقصد کو بھول گئے تو پھر دنیا کی لہو و لعب کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوگا اور پھر اجر کریم کے بھی حقدار نہیں ٹھہریں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ مومن کی یہ نشانی ہے کہ وہ اپنے رب کی مغفرت کی تلاش میں رہتے ہیں اور اس کے نتیجے میں جنت کو حاصل کرنے والے اور اس کے وارث ٹھہرتے ہیں۔ مومن کے لئے جنت کی وسعت زمین و آسمان کی وسعت جتنی ہے اور جنت اصل میں اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔ جنت اور دوزخ دو جگہیں نہیں بلکہ دو حالتیں ہیں۔ خدا کو بھولنے والوں کو جہاں دوزخ نظر آئے گی وہیں نیک اعمال والے جنت کے نظارے کر رہے ہوں گے۔ پس اگر اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو گئی تو وہی ایک مومن کے لئے جنت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ اس کے حصول کی کوشش کی طرف متوجہ رکھے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ایمان کی مضبوطی اور اعمال پر قائم رہنے کے لئے یہ بھی دعا کرتے رہیں کہ ایمان اور ہدایت کے بعد اے اللہ تو ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا، کبھی ہمیں یہ خیال نہ آئے کہ ہم بڑی قربانیاں کرنے والے ہیں، کبھی دنیا کی چمک دمک ہمیں راستے سے ہٹانے والی نہ بن جائے اور کبھی یہ خیال نہ آئے کہ جماعت کے متفرق چندے ہمارے اوپر ایک بوجھ ہے بلکہ ہمیشہ یہ سوچ رہے کہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس زمانے میں ہمیں اللہ تعالیٰ اپنے دین کی خاطر قربانیوں کی توفیق دے رہا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ چندے دینے سے ایمان میں ترقی ہوتی ہے اور یہ محبت اور اخلاص کا کام ہے۔ نومبائعین کو پوری طرح نظام میں شامل کر کے انہیں مالی قربانیوں کی طرف توجہ دلائیں۔ اسی طرح بچوں کو بھی زیادہ سے زیادہ کوشش کر کے مالی نظام میں ضرور شامل کرنا چاہئے۔

حضور انور نے وقف جدید کے نئے سال کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ وقف جدید کا 51 واں سال گزر گیا اور اب 52 واں سال شروع ہو گیا ہے گزشتہ سال وقف جدید کے چندے کی وصولی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمیشہ کی طرح دنیا بھر کی جماعتوں میں سے پاکستان پہلی پوزیشن پر ہے دوسری پر امریکہ اور تیسرے نمبر پر برطانیہ ہے۔ افریقہ کی جماعتوں میں نائیجیریا اس سال پہلی پوزیشن پر ہے۔ فرمایا کہ وقف جدید کے مالی نظام میں چندہ دینے والوں کی کل تعداد بفضل اللہ تعالیٰ 5 لاکھ 37 ہزار نفوس سے متجاوز ہے۔ حضور انور نے برطانیہ، امریکہ، پاکستان، جرمنی اور کینیڈا کی اندرونی جماعتوں کا وقف جدید کے چندے کی وصولی کے لحاظ سے نمایاں پوزیشنز پر آنے والی جماعتوں کا بھی ترتیب وار ذکر کیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ان تمام مالی قربانی کرنے والوں کے اموال و نفوس میں بے انتہا برکت ڈالے اور جماعت کی ترقی کی صورت میں بھی اللہ تعالیٰ ان قربانیوں کو بے انتہا پھل عطا فرمائے اور ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہر احمدی کا مقصد اور مطمح نظر رہے۔

جنت میں ایک ساتھ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں:۔

یتیموں سے بھی حسن سلوک کرو۔ ان کا بھی خیال رکھو۔ ان کو معاشرے میں محرومیت کا احساس نہ ہونے دو اور اس حدیث کو یاد رکھو کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والے جنت میں اس طرح ساتھ ہونگے جس طرح دو انگلیاں ہیں۔

(الفضل 19 نومبر 2004ء)

(مرسلہ: سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دار الضیافت ربوہ)

نصاب سہ ماہی اول

(مجلس انصار اللہ پاکستان)

سہ ماہی اول جنوری تا مارچ 2009ء برائے اراکین مجلس انصار اللہ پاکستان کیلئے مقرر شدہ نصاب درج ذیل ہے۔

1۔ قرآن کریم پارہ نمبر 7 نصف اول

2۔ کتاب انفاخ قدسیہ
تقاریر حضرت مسیح موعود جلسہ سالانہ 1897
نصف اول صفحہ 1 تا 80

3۔ کتاب "تقدیر الٰہی"
از حضرت مصلح موعود انوار العلوم جلد نمبر 4

ناظمین اضلاع و زعمائے اعلیٰ سے درخواست ہے کہ اس کے مطابق انصار کو تیاری کروائیں۔

(قائد تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن

☆ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائنا کالوجسٹ

دونوں ڈاکٹر صاحبان مورخہ 18 جنوری 2009ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت مند احباب و خواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔

مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

چوتھی تقریب آمین دسمبر 2008ء

(مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ کو مورخہ 31 دسمبر 2008ء کو بعد نماز عصر دفتر انصاراللہ مرکزیہ کے بالائی ہال میں چوتھی تقریب آمین منعقد کرنے کی توفیق ملی۔اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب نائب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان تھے۔

تلاوت و نظم کے بعد محترم عبدالسمیع خان صاحب قائد تعلیم القرآن نے خطاب کیا جس میں انہوں نے حضرت مسیح موعود، خلفاء سلسلہ اور بزرگان سلسلہ کے قرآن کریم کے ساتھ عاشقانہ محبت کے واقعات اور ارشادات بیان کئے۔

بعدازاں مکرم محمد انور نسیم صاحب منتظم تعلیم القرآن نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے منصب خلافت پر متمکن ہونے کے بعد الٰہی القاء کی روشنی میں جماعت احمدیہ کے لئے تعلیم القرآن کا ایک وسیع پروگرام جاری فرمایا اور ایک مستقل نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی قائم فرمائی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے جماعت کے عہدیداروں کو مخاطب کر کے فرمایا کہ

میں آپ کو ایک دفعہ پھر آگاہ کرتا ہوں اور متنبہ کرتا ہوں کہ آپ اپنے اصل مقصد کی طرف متوجہ ہوں اور اپنی انتہائی کوشش کریں کہ جماعت کا کوئی فرد بھی ایسا نہ رہے، نہ بڑا نہ چھوٹا، نہ مرد نہ عورت، نہ جوان نہ بچہ کہ جسے قرآن کریم ناظرہ پڑھنا نہ آتا ہو اور جس نے اپنے ظرف کے مطابق قرآن کریم کے معارف حاصل کرنے کی کوشش نہ کی ہو۔

حضرت خلیفۃ المسیح کے ارشاد کی روشنی میں جماعت کی ذیلی تنظیموں میں بھی تعلیم القرآن کا شعبہ قائم ہوا اور حضور کے ارشاد کے مطابق قرآن کریم سکھانے کیلئے سعی کی جانے لگی۔مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ نے بھی قرآن کریم نہ جاننے والے انصار کو قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کی منظّم کوشش کا آغاز کیا اور دسمبر 2005ء میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے 6 انصار کو پہلی مرتبہ قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کی سعادت حاصل کی۔ دوسری تقریب آمین دسمبر 2006ء میں مجلس انصاراللہ مقامی کے ہال میں منعقد ہوئی اور ایک ناصر نے قرآن کریم ناظرہ پہلی مرتبہ پڑھنے کی توفیق حاصل کی۔ تیسری تقریب آمین 19 نومبر 2007ء میں مجلس انصاراللہ مرکزیہ کے ہال ایوان ناصر میں منعقد ہوئی جس میں 10 انصار شریک ہوئے' جس میں سے 4 انصار نے مکمل اور 6 انصار نے جزوی یعنی پہلا دوسرا اور آخری پارہ قرآن کریم کا پہلی مرتبہ پڑھنے کا شرف حاصل کیا۔ امسال تین انصار مکرم رانا فتح محمد صاحب ناصر آباد غربی، مکرم چوہدری اصغر علی صاحب دارالفتوح غربی اور مکرم مبشر احمد صاحب دارالیمن غربی سعادت نے مکمل ناظرہ قرآن کریم پہلی مرتبہ پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔ اللہ تعالیٰ ان کے لئے یہ سعادت بابرکت کرے۔ آمین

11 انصار ایسے ہیں جو پہلا اور دوسرا پارہ پڑھ رہے ہیں جبکہ 13 انصار بڑی باقاعدگی کے ساتھ قاعدہ یسرنا القرآن سیکھ رہے ہیں۔ علاوہ ازیں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی روشنی میں ترجمہ قرآن کریم سیکھنے کی بھی تحریک کی گئی اور اس وقت کل 57 انصار ترجمہ سیکھ رہے ہیں۔

رپورٹ کے بعد مکرم مہمان خصوصی نے تقریب آمین میں شامل انصار اور اساتذہ میں حوصلہ افزائی کے انعامات تقسیم کئے اور بعدہ خطاب کیا جس میں انہوں نے ہال میں موجود تمام انصار کو قرآن کریم کی تعلیم سے خود کو منور کرنے اور پھر دوسروں تک اس خوبصورت تعلیم کو روشناس کرانے کی تلقین کی۔

آخر پر مکرم چوہدری نصیر احمد صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ مقامی نے معزز مہمانان اور تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ جس کے بعد مکرم مہمان خصوصی نے دعا کروائی اور اس طرح یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔ تقریب کے بعد تمام حاضرین کی چائے سے تواضع کی گئی۔

مکرم چوہدری عطاء الرحمٰن محمود صاحب

نئے عزم کے ساتھ سالِ نو کا آغاز کریں

روزمرہ زندگی میں ہم وقت کو منٹوں، گھنٹوں دنوں، ہفتوں، مہینوں اور سالوں میں تبدیل ہوتا دیکھتے ہیں۔ ایسا ہی ایک لمحہ سال 2008ء کا سنگ میل عبور کرتے ہوئے سال 2009ء میں داخل ہوا ہے۔ یہ تبدیلی ہمارے لئے ایک نشان منزل ہے۔ یہ ہمیں آگے بڑھنے اور ہمیشہ بڑھتے چلے جانے کا درس دیتی ہے۔ لمحوں کی یہ تبدیلی ہمارے اندر ایک احساس بیدار کرتی ہے۔ ہمیں سوچنے، سمجھنے اور اپنا جائزہ لینے کی طرف متوجہ کرتی ہے۔ یہ تبدیلی ہمیں باور کراتی ہے کہ دیکھو عمر عزیز کا ایک سال اور بیت گیا۔ یہ تبدیلی ہمیں خود احتسابی کی دعوت دیتی ہے کہ غور کرو گزرا ہوا وقت، گزرا ہوا سال کیسے گزارا؟ اپنا جائزہ لو کہ کون سے اہداف تھے جو حاصل نہ ہو سکے۔ ان وجوہات کا کھوج لگاؤ جو آڑے آئیں اور پھر عزم کرو کہ نئے سال میں داخل ہوتے وقت ایک نئے جوش اور ولولے کے ساتھ اپنے اہداف کو حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔ اپنے مقاصد کے حصول کے طریق سوچو۔ منصوبہ بندی کرو کہ گزشتہ سال کی غفلتوں اور سستیوں کو ترک کرتے ہوئے نہ صرف یہ کہ گزشتہ سال میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کا تسلسل جاری رکھا جائے گا بلکہ ناکامیوں کو کامیابیوں میں بدلنے کی پوری کوشش کی جائے گی۔

یقین جانئے یہ ارادہ، یہ عزم اور یہ نیت آپ میں ایک نیا جوش، ایک نیا ولولہ اور ایک نیا عزیزم پیدا کر دے گی۔ آپ کا قدم آگے بڑھنے کے لئے بے قرار ہوگا اور آپ کی منزل آپ کو آگے بڑھ بڑھ کر پکار رہی ہوگی۔

ہم اپنی ذاتی، گھریلو، دفتری اور کاروباری زندگی میں جس مقام اور درجے پر بھی ہیں۔ وہاں ہماری جو بھی ذمہ داریاں ہیں۔ سال گزشتہ میں ان کی ادائیگی میں جو بھی کمی رہ گئی اس کا جائزہ لیتے ہوئے۔ محاسبہ کرتے ہوئے نئے سال کی منصوبہ بندی کریں۔ ایک کاغذ پنسل پکڑیں۔ سال گزشتہ کی کامیابیوں اور ناکامیوں کی ایک فہرست بنائیں۔ اپنی کامیابیوں اور ناکامیوں کی وجوہات بھی تحریر کریں اور پھر نئے سال کے لئے ہدف مقرر کریں۔ اپنی کامیابیوں کی رفتار کو تیز کریں اور اپنی ناکامیوں سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے سوچیں وہ وجوہات جو آپ کی کامیابی کا باعث بنیں ان کو نہ صرف قائم رکھیں بلکہ ان میں مزید ترقی کرنے اور آگے بڑھنے کی کوشش کریں اور وجوہات جن کی وجہ سے آپ کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ ان سے بچنے کی کوشش کریں۔

اگر آپ نے اپنے اندر یہ تبدیلی پیدا کر لی۔ آپ نے اپنے آج کو گزشتہ کل سے بہتر بنانے کی راہ اپنالی اور اپنے ارادہ پر کاربند رہے اور خدا تعالیٰ سے اپنی کامیابی کی دعائیں بھی کرتے رہے تو سال 2009ء کے اختتام پر آپ کی کامیابیوں کا گراف بہت بلند ہو چکا ہوگا اور آپ کی ناکامیاں یا تو دم توڑ چکی ہوں گی یا کسی کونے میں پڑی ایڑیاں رگڑ رگڑ کر جان دے رہی ہوں گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول سورۃ انفال کی آیت نمبر 54 کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

”یاد رکھو خدا تعالیٰ کا مقرر کردہ قانون یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فیضان میں تبدیلی اسی وقت ہو سکتی ہے اور ہوتی ہے جب انسان خود اپنے اندر تبدیلی کرے۔ اگر ہم وہی ہیں جو سال گزشتہ اور پیوستہ میں تھے تو پھر انعامات بھی وہی ہوں گے لیکن اگر چاہتے ہو کہ ہم پر نئے نئے انعامات ہوں تو نئے طریق پر تبدیلی کرو“۔

(حقائق الفرقان جلد دوئم ص 269)

آیئے نئے سال کا آغاز کرتے ہوئے سوچیں کہ ہم کس طرح اللہ تعالیٰ کے فیضان اور نئے نئے انعامات کو حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلہ میں یاد رکھنا چاہئے کہ سب سے اہم اور بنیادی بات خدا تعالیٰ سے مدد حاصل کرنا ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنی کمزوریوں اور کوتاہیوں کا اعتراف کرتے ہوئے سچے دل سے اس بات کا عزم کیا جائے کہ خدا تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریق پر چلنے کی کوشش کروں گا اور اس کی رضا کو اپنی ہر بات اور ہر کام میں مقدم سمجھوں گا اور پھر خدا تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں سے اس عزم کی آبیاری کی جائے تو امید کی جا سکتی ہے کہ اپنے بندوں پر نہایت مہربان خدا ان کی دعاؤں کو قبول کرتے ہوئے اپنی رحمت۔ برکت اور فضل کے دروازے کھول دے گا۔

دوسری اہم بات خدا تعالیٰ کی نعمتوں کا صحیح استعمال ہے۔ خدا تعالیٰ نے انسان کے لئے اپنی بے شمار نعمتیں پیدا فرمائی ہیں۔ قرآن کریم ہماری راہنمائی فرماتا ہے کہ اگر خدا تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کرو گے تو تمہیں مزید نعمتیں عطا کی جائیں گی۔ نعمتوں کا ایک شکر ان کا صحیح اور درست استعمال ہے۔ میں یہاں نئے سال کے حوالے سے نئے عزم اور نئے ارادے باندھنے کی بات کر رہا ہوں اور اس تعلق میں اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت کے بارے میں کچھ کہنا چاہوں گا۔ وہ نعمت وقت کی نعمت ہے۔ ہمارے معاشرے میں وقت کی کوئی قدر نہیں کی جاتی۔ ہمارے ایک بزرگ کہا کرتے تھے کہ ”قومی لحاظ سے ہم ایک کمزور اور غریب قوم ہیں لیکن ("We are rich in time") یعنی وقت کے لحاظ سے دولتمند ہیں ہماری حالت تو یہ ہے کہ ہمارا کوئی دوست یا مہمان ملاقات کے بعد فارغ ہو کر اجازت مانگے تو ہم اسے مزید دور چار گھنٹے بیٹھنے کی حاتم طائیانہ دعوت دینے سے گریز نہیں کرتے جبکہ جن لوگوں نے وقت کی قدر و قیمت کو پہچانا ہے وہ اس کا ایک ایک لمحہ استعمال کرتے ہیں اور وقت ضائع کرنے کو قومی نقصان گردانتے ہیں۔ میں نے ایک دفعہ ایک جماعتی کام کے لئے ایک غیر ملکی سے ملنا تھا۔ جب ملاقات کے لئے وقت مانگا تو ان کا جواب تھا کہ آج میرے پاس صرف 7 منٹ ہیں اگر اتنے وقت میں آپ کی بات مکمل ہو سکتی ہے تو مل لیں یا پھر دوبارہ وقت لے کر آ جائیں۔

ہم جو جماعت احمدیہ کے افراد ہیں ہمارے لئے وقت کی اہمیت اور قدر تو بہت ہی زیادہ ہے۔ خدا تعالیٰ نے بانی سلسلہ احمدیہ کے ساتھ وعدہ کیا ہوا ہے کہ تیرا

(باقی صفحہ 15 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

اپنے نفس کا مطالعہ کرتے رہیں اور دیکھتے رہیں کہ غیبت سے آلودہ نہ ہوں

غیبت کے نتائج بڑے خطرناک نکلتے ہیں۔ بڑی بڑی قومیں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا خطبہ جمعہ فرمودہ 29/اکتوبر 1920ء

حضور انور نے تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

''میں نے جیسا کہ چند جمعے گزرے ہیں۔ بیان کیا تھا۔ تکمیل ایمان کے لئے جن امور کی ضرورت ہے ان کے متعلق ٹکڑے ٹکڑے کر کے مختلف خطبات میں بیان کروں گا اور یہ بھی میں نے ذکر کیا تھا کہ میں زیادہ تر ان امور کے متعلق بیان کروں گا جو آپس کے معاملات سے تعلق رکھتے ہیں۔ معاملات سے میری مراد خرید و فروخت اور لین دین نہیں بلکہ ایک انسان کے دوسرے انسان کے ساتھ تعلقات ہیں۔

ان کے متعلق میں نے بتایا تھا کہ وہ دو حصوں میں تقسیم ہوتے ہیں۔ ایک وہ باتیں ہیں جن کے کرنے کا شریعت نے حکم دیا ہے اور دوسری وہ جن کے نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ یعنی بعض ایسی باتیں ہیں کہ جن کے نہ کرنے سے ایمان ناقص رہتا ہے اور بعض ایسی ہیں جن کے کرنے سے ایمان ناقص رہتا ہے۔ ان دونوں قسم کی باتوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

آج بھی میں اسی سلسلہ میں سے ایک کڑی کو لے کر اس کے متعلق بیان کرتا ہوں۔

یاد رکھنا چاہئے کہ دنیا میں اعمال کے دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک وہ اعمال حسنہ ہوتے ہیں کہ جن کے کرنے میں انسان کو لطف اور فائدہ عاجل حاصل ہوتا ہے اور ایک وہ جن کا نقد بہ نقد نفع اور فائدہ معلوم نہیں ہوتا اور ان کو بظاہر چٹی سمجھتے ہیں۔ سوائے ان لوگوں کے جو سمجھدار اور واقف ہوں۔

اسی طرح وہ اعمال جو نہ کرنے کے ہوتے ہیں۔ وہ بھی دو طرفہ کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جن کو نہ کرنا چاہئے اور نہ انسان کو ان کے کرنے میں کوئی فائدہ نظر آتا ہے اور ایک وہ جن کو نہ کرنا چاہئے لیکن ان میں یا تو انسانوں کو فائدہ نظر آتا ہے یا مزہ آتا ہے۔

جس طرح کرنے والے اعمال میں سے وہ زیادہ گراں اور بوجھل نظر آتے ہیں جن کو کرنا چاہئے مگر ان میں لطف نہیں آتا یا عاجل فائدہ نہیں ہوتا۔ اسی طرح نہ کرنے والے اعمال میں سے ان کا چھوڑنا بہت مشکل ہوتا ہے جن کے کرنے میں لطف حاصل ہو اور فائدہ نظر آتا ہو۔ بہ نسبت ان کے جن کے کرنے میں کوئی فائدہ اور لطف نہ آتا ہو۔

آج میں ان میں سے ایک ایسے امر کے متعلق بیان کروں گا۔ جس میں بظاہر نہ نفع ہوتا ہے اور نہ لطف لیکن عادتاً کہو یا بعض ایسے مخفی احساسات کی وجہ سے جن کو ابھی تک کم از کم میں محسوس نہیں کر سکا۔ انسان کو لطف معلوم ہوتا ہے۔ گو بظاہر لطف کی کوئی وجہ نہیں ہوتی اور بہت کام ایسے ہیں جن میں لطف کی بظاہر کوئی وجہ نہیں ہوتی، مگر لوگوں کو مزا آتا ہے۔ یا کم از کم ایسے لوگوں کو مزا آتا ہے جن کی روحانیت درست نہ ہو۔ مثلاً اگر کوئی شخص راستہ چلتے چلتے گر جائے تو بہت اسے دیکھ کر ہنس پڑیں گے اور ان کی ہنسی رک نہیں سکے گی۔ حتیٰ کہ اگر وہ کسی ایسے کام میں مشغول ہوں جس میں ہنسنا جائز نہ ہو۔ مثلاً نماز پڑھ رہے ہوں تو اس وقت بھی انہیں ہنسی آ جائے گی۔ اس کی وجہ کیا ہے۔ یہ ایک بہت باریک اور مخفی مسئلہ ہے اور جب تک انسانی خیال کا لمبا مطالعہ نہ کیا جائے اس کی وجہ معلوم کرنا مشکل ہے اور پھر وہ وجہ بھی ایسی باریک ہوگی کہ اس کے متعلق یقینی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ درست ہوگی۔

اسی طرح لوگ پاگل اور مجنون پر ہنستے ہیں۔ حالانکہ وہ قابل رحم ہوتا ہے نہ کہ ہنسی کے قابل لیکن اس کی حرکات کو دیکھ کر اور باتوں کو سن کر اچھے اچھے سنجیدہ لوگ ہنسنے لگ جاتے ہیں۔ ان کو کیوں ہنسی آتی ہے؟ اس کی کوئی معقول وجہ نہیں ہوتی۔ پاگل کی دیوانگی کی حرکات کودنا، بھاگنا، ننگا ہونا، بکواس کرنا کیا لطف رکھتی ہیں اور ان سے لوگوں کو کیا مزا آتا ہے۔ اس کی کوئی وجہ وہ بیان نہیں کر سکتے۔ یا عام طور پر ہر انسان بیان نہیں کر سکتا۔ سوائے اس کے جس نے انسانی خیالات کا ایک لمبا تتبع کیا ہو۔ لیکن وہ بھی یقین سے نہیں کہہ سکتا کہ یہ وجہ صحیح ہے۔ ابھی یہ تحقیقاتیں بچپن کی حالت میں ہیں اور ان کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔

مگر اس میں شک نہیں۔ لوگوں کو مزا آتا ہے۔ پاگلوں کی حرکات پر اور گرنے والوں پر اسی طرح اور کئی باتیں ہیں جن میں لوگوں کو مزا آتا ہے۔ حالانکہ مزے کی کوئی وجہ نہیں ہوتی۔ وہ بات جو میں اس وقت بیان کرنے لگا ہوں۔ وہ بھی ایسی ہی ہے۔ اس میں بھی لوگ مزا پاتے ہیں مگر اس کی انہیں کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔ وہ کیا ہے وہ غیبت ہے۔ اس کے متعلق ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی لطف کی وجہ نہیں ہوتی مگر ایک شخص دوسرے شخص کے عیب بیان کرتا ہے اور دیکھنے والا دیکھتا ہے کہ سننے والے کو بڑا مزا آ رہا ہے۔ اسی طرح بیان کرنے والے کو بھی اور جوں جوں زیادہ تشریح کرتا جاتا ہے۔ ان کے چہروں سے خوشی کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ بعض دفعہ جس کے عیب بیان کئے جا رہے ہوں۔ وہ ان کا دوست ہوتا ہے بعض دفعہ محسن ہوتا ہے اور بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ اس کے عیوب کے اظہار پر ان کو نقصان بھی پہنچتا ہے مگر باوجود اس کے ان کو مزا آتا ہے کیوں؟ دنیا میں قلیل ہی ایسے اشخاص ہوں گے جو کہ اس کی وجہ بیان کر سکیں۔ اور جو مزا اٹھانے والے ہیں، وہ تو قریباً تمام کے تمام ایسے ہوں گے کہ کوئی وجہ بیان نہیں کر سکیں گے مگر باوجود اس کے گھنٹہ گھنٹہ ایک شخص غیبت کرتا جائے گا اور اس کے چہرہ سے ایسے آثار ظاہر ہوں گے کہ گویا اسے کوئی عظیم الشان کامیابی حاصل ہو رہی ہے اور سننے والے بھی اتنے مشغول ہوتے ہیں کہ اگر کوئی ضروری کام کے لئے بھی بلائے تو ناراض ہوتے ہیں اور کہتے ہیں ٹھہرو ابھی آتے ہیں کام کر رہے ہیں اور ان کے بشروں سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہیں کوئی ایسی خوشی کی بات معلوم ہوئی ہے جیسے کسی کے ہاں بیٹا پیدا ہو یا کوئی جائیداد مل جائے۔ یا حکومت اور عزت حاصل ہو۔ گویا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دنیاوی انعام کی بڑی سی چیز ان کو مل گئی ہے۔ جس پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں کبھی ہاتھ ماریں گے کبھی سر ہلائیں گے کبھی مسکرائیں گے کبھی ہنسیں گے اور ایسے لطف کا اظہار کریں گے کہ ان کی زیست کا مدار وہی بات ہے لیکن اگر پوچھو کہ کیوں مزا آ رہا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے تو قطعاً نہیں بتا سکیں گے نہ بیان کرنے والا اور نہ سننے والے۔

مگر کہیں چلے جاؤ کسی ملک میں جاؤ کسی علاقہ میں جاؤ کسی قوم میں جاؤ ہر جگہ اور ہر قوم کے لوگوں میں یہ بات پاؤ گے۔ سب سے زیادہ حقیقت پر روشنی ڈالنے والا مذہب...... ہے۔ اس کی طرف منسوب ہونے والے لوگوں میں بھی ایسے نظر آئیں گے۔ جو ایک دوسرے کی غیبت کر رہے ہوں گے۔ ایک بہت قدیم تہذیب کے مالک ہندو ہیں جن کے اس دعویٰ کو ہم قبول کریں یا نہ کریں کہ ان کی تہذیب دنیا کے ابتداء سے چلی آتی ہے۔ مگر اتنا تو ماننا پڑے گا کہ ان کی روایات نہایت قدیم ہیں اور ان کے تمدنی قواعد بہت لمبے عرصے سے چلے آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ان کے نیچے ایسے دبے ہوئے ہیں کہ گویا ان کی فطرت میں داخل ہو گئے ہیں۔ اس قوم میں بھی یہ بات پاؤ گے کہ غیبت کرنے والے کو بھی مزا آتا ہوگا اور سننے والے کو بھی۔

پھر ان لوگوں میں چلے جاؤ۔ جو کہتے ہیں کہ ہم نے علم اخلاق کے ابواب کو کھول کھول کر پڑھ لیا ہے اور جو کہتے ہیں کہ ہم اخلاق کے اعلیٰ درجہ پر پہنچ چکے ہیں کہ ہمارا حق ہے تمام دنیا پر حکومت کریں اور لوگوں کو تہذیب، تمدن اور اخلاق سکھائیں۔ ان میں بھی یہی بات نظر آئے گی اور عام لوگوں میں ہی نہیں بلکہ ان کے اعلیٰ طبقہ کے لوگوں، فلاسفروں، سیاستدانوں محققوں میں بھی پائی جائے گی۔

تو سب لوگوں کو اس میں لطف آتا دیکھو گے مگر کیوں؟ اس پر وہ بھی خاموش رہ جائیں گے۔ پس تمام دنیا پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی وجہ ہو یا نہ ہو۔ لوگ عادت یا ایسی باریک وجوہات کی بنا پر جن کا بیان کرنا ایک زائد تفصیل ہو جائے گی اور جن کے بیان کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ مزا اٹھاتے ہیں مگر باوجود اس کے لطف کے اور اس کے عام اور وسیع الاثر ہونے کے...... نے اور قریباً باقی تمام مذاہب نے اس سے منع کیا ہے۔

اگر ذرا غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ وقتی مزے کے سوا جو غیبت کرنے کے وقت حاصل ہوتا ہے بعد میں اس کے بڑے بڑے خطرناک نتائج نکلتے ہیں۔ بڑی بڑی قومیں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں۔ لڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں۔ دوستیاں اور رفاقتیں ٹوٹ جاتی ہیں۔ محسنوں اور ہمدردوں سے تعلقات ٹوٹ جاتے ہیں۔ رشتہ داریاں خراب ہو جاتی ہیں۔ گورنمنٹ اور رعایا میں فساد پیدا ہو جاتے ہیں۔ غرض بہت خطرناک نتائج نکلتے اور لوگ بہت دکھ اٹھاتے ہیں۔ مگر پھر بھی کرتے ہیں۔

غیبت کرنے میں انہیں مزا تو خیر آتا ہی ہے مگر اس کی بہت بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ خیال کرتے ہیں۔ زبان سے بات کہنے کا کیا ہے۔ چنانچہ ایسے لوگوں سے جب پوچھیں کہ تم نے فلاں کے متعلق یہ کہا ہے تو کہتے ہیں ہم نے تو کچھ نہیں کہا۔ بات تھی جو کہہ دی تو وہ سمجھتے ہیں۔ زبان کچھ کرتی ہی نہیں۔ جو چاہیں کہہ دیں۔ اس کا کچھ نتیجہ نہیں ہوگا۔ حالانکہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں۔ زبان ان چیزوں میں سے ہے۔ جو انسان کو دوزخ میں گرانے میں بہت دخل رکھتی ہیں۔ چنانچہ ایک دفعہ آپ نے اس کو حفاظت میں رکھنے پر زور دیا۔ ایک صحابی نے کہا زبان کا کیا ہے۔ فرمایا زبان کی باتوں کا جہنم کو پُر کرنے میں بہت بڑا حصہ ہے (بخاری بروایت مشکوٰۃ کتاب الادب باب حفظ اللسان الغیبۃ والشتم) تو عام طور پر لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ زبان کی بات کا کیا ہے۔ ہم نے تو بات کہی تھی کیا کچھ نہیں۔ حالانکہ کہنا بھی ایک ایسی بات ہے جو ایمانیات میں داخل ہے۔ چنانچہ ایمان میں یہ بات شامل ہے کہ انسان دل سے مانے اور زبان سے کہے۔ تو زبان کو ایمان کا جزو قرار دیا گیا ہے۔ اگر ایک شخص خدا کو مانتا ہے رسول کریمؐ کو مانتا ہے۔ مگر منہ سے نہ کہے تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے ایسا شخص کافر ہے۔ پس جب بڑے بڑے خطرہ میں انسان زبان کی وجہ

(باقی صفحہ 6 پر)

سے پڑ سکتا ہے۔ تو چھوٹے میں کیوں نہیں پڑ سکتا۔ لوگوں کو یہ بہت بڑی غلطی لگی ہے کہ وہ زبان کی حقیقت کو نہیں سمجھتے۔ حالانکہ اس کی بہت بڑی حقیقت ہے۔

اس تمہید کے بعد میں بتاتا ہوں کہ غیبت کیا ہے۔ اکثر اس کو سمجھتے نہیں اور کرتے ہیں بالعموم لوگ کہتے ہیں کہ پیٹھ پیچھے جھوٹی بات بیان کرنا غیبت ہوتی ہے۔ مگر اصل میں غیبت اس کو نہیں کہتے رسول کریم ﷺ نے اس کی یہ تعریف کی ہے کہ ایسی بات جو کسی بھائی کی پیٹھ پیچھے کہے اور وہ اسے بری لگے اور وہ سچی ہو۔ ہر ایک بات پیٹھ پیچھے کرنا غیبت نہیں مثلاً اگر کوئی کہے فلاں آدمی بڑا نیک ہے تو یہ غیبت نہیں ہوگی اور نہ ہی غیبت یہ ہے کہ کسی کے متعلق پیٹھ پیچھے جھوٹی بات کہے۔ یہ تو افتراء ہے۔ ایک شخص نے رسول کریم ﷺ سے پوچھا کہ سچی بات کہنی بھی غیبت ہے۔ آپ نے فرمایا یہی تو غیبت ہے۔ اگر کوئی جھوٹ بولتا ہے تو وہ افتراء کرتا ہے۔

(مسلم بروایت مشکوٰہ کتاب الادب باب حفظ اللسان)

پس غیبت کے یہ معنی ہیں کہ کسی کے پیچھے وہ بات بیان کرنا کہ جسے اگر وہ سنے تو اسے بری لگے اور تم سمجھتے ہو کہ اس میں پائی جاتی ہے۔ خواہ فی الواقع اس میں ہو یا نہ ہو۔

یہاں میں نے سمجھنے کی شرط اس لئے لگا دی ہے کہ اگر کوئی غیبت کرتا ہے تو اس کے یہ معنے نہیں ہیں کہ جو کچھ وہ کہتا ہے وہ فی الواقعہ صحیح بھی ہے۔ ہاں یہ ہوتا ہے کہ بیان کرنے والا اس کے متعلق ایسا سمجھتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں۔ غیبت کی یہ تعریف معلوم کر کے بہت لوگ اس سے بچ سکتے ہیں کیونکہ اکثر اسی لئے اس کے مرتکب ہوتے ہیں کہ سمجھتے نہیں۔ غیبت کیا ہے اور اچھے اچھے پڑھے لکھے کہہ دیا کرتے ہیں کہ سچی بات کو بیان کرنا غیبت نہیں۔ حالانکہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جھوٹی بات غیبت نہیں۔ بلکہ بہتان اور افتراء ہے تو ایک بات کو سچا سمجھ کر بیان کرنا غیبت ہے۔

پھر اکثر لوگ یہ سمجھ کر غیبت کرتے ہیں کہ یہ اپنی ذات میں کوئی بری بات نہیں۔ حالانکہ غیبت کی برائی اول تو یہی ہے کہ اس کے ذریعہ جس پر کوئی الزام لگایا جاتا ہے وہ دور نہیں کر سکتا۔ مثلاً اگر کوئی ایک بھائی کے متعلق کہے کہ نماز نہیں پڑھتا یا چوری کرتا ہے مگر اسے پتہ بھی نہ ہو تو اس سے زیادہ اور کیا ظلم ہوگا۔ دیکھو خطرناک سے خطرناک مجرموں کو بھی عدالتیں اپنی بریت کا موقع دیتی ہیں۔ پھر کس قدر ظلم ہے کہ ایک بھائی پر الزام لگا کر اس کو بریت کا موقع نہ دیا جائے۔ قرآن کریم نے اس کو ایسا بتایا ہے جیسے مردہ بھائی کا گوشت کھانا۔ چنانچہ فرماتا ہے...... کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے (الحجرات: 13)۔ جس طرح اگر کوئی مردہ شخص کا گوشت کھائے تو مردہ مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اسی طرح جس کی غیبت کی جائے وہ بھی تردید نہیں کر سکتا۔

پھر غیبت کرنا ہی برا نہیں بلکہ غیبت سننا بھی برا ہے۔ کیونکہ جو غیبت سنتے ہیں۔ وہ غیبت کراتے ہیں۔ پس اول تو چونکہ یہ خود عیب ہے اس لئے جس طرح کسی کو غیبت کرنے میں گناہ ہے۔ اسی طرح غیبت سننے میں بھی گناہ ہے۔ لیکن جو سنتا ہے وہ چونکہ بیان کرنے والے کو تحریک کرتا اور جرأت دلاتا ہے۔ اس لئے بھی گنہگار ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ رسول کریم ﷺ نے غیبت سننے سے بھی منع فرمایا ہے اور ساتھ ہی یہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی کسی بھائی کا عیب بیان کرتا ہے اور سننے والا اس کو رد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی قیامت کو اس کے گناہوں کو رد کرے گا۔

رسول کریم ﷺ نے نہ صرف غیبت سننے کو گناہ بتایا ہے بلکہ اس کے رد کرنے کو نیکی ٹھہرایا ہے۔ پس مومن کو چاہئے کہ اگر کوئی اس کے سامنے کسی بھائی کی غیبت کرے تو وہ اس کا رد کرے یعنی جو بات بیان کی جائے۔ اس کے رد کرنے کی اس کے پاس وجوہات ہوں تو ان کو پیش کرے اور اگر اسے رد کرنے کے کوئی بات معلوم نہ ہو اور سمجھ میں نہ آئے تو غیبت کرنے والے کو روکے اور اگر وہ نہ رکے تو اس کے پاس سے اٹھ کر چلا آئے۔ یہ تین باتیں مومن کا فرض ہیں۔ اول یہ کہ اگر کوئی اس کے سامنے کسی بھائی کا عیب بیان کرے تو اسے کہے جو نتیجہ تم نکالتے ہو یہ صحیح نہیں۔ اصل بات یہ ہے۔ دوم اسے سمجھائے کہ ایسا نہ کرو اور سوم یہ کہ اگر وہ نہ مانے تو وہاں سے اٹھ کر چلا جائے۔

یہ تو غیبت کے متعلق احکام ہیں۔ مگر یاد رکھنا چاہئے کہ ہر موقع پر کسی کا عیب بیان کرنا برا نہیں ہوتا۔ بلکہ بعض جگہ ضروری ہوتا ہے اس وقت اس کو غیبت نہیں کہا جائے گا۔ غیبت ایک اصلاح ہے اور یہ اسی وقت استعمال کی جائے گی جبکہ خواہ مخواہ کسی کے عیب بیان کئے جائیں، لیکن اگر کوئی شخص کسی کا عیب بیان کرنے پر مجبور ہے یا اوروں کو اس کے بیان کرنے سے فائدہ پہنچتا ہے تو اس کا بیان کرنا نیکی اور ثواب کا کام ہوگا۔ مثلاً ایک ایسا شخص ہے جو جماعت یا قوم کے خلاف کوئی سازش کرتا ہے یا بری باتیں پھیلاتا ہے تو اس کے متعلق اطلاع دینا اور اس کی شرارتوں سے ذمہ دار لوگوں کو آگاہ کرنا ضروری ہے۔

اسی طرح کسی کو پتہ لگے کہ زید بکر کو قتل کرنا چاہتا ہے اگر وہ بکر کو نہیں بتاتا یا گورنمنٹ کو اس کی اطلاع نہیں دیتا تو گناہ کرتا ہے۔ یہ غیبت نہیں ہوگی اور اس کا بیان کرنا ضروری ہوگا تو کسی بات کے بیان کرنے اور بتانے میں یہ دیکھنا چاہئے کہ اس کے بیان کرنے میں نفع ہے یا نقصان۔ اگر اس سے کوئی اچھا نتیجہ نکلتا ہو۔ کسی برائی کا سدباب ہوتا ہو۔ کسی کو فائدہ پہنچتا ہو تو اس کا نہ بیان کرنا گناہ ہوگا۔ جس طرح غیبت کرنا گناہ ہے۔

مثلاً اگر کسی کو معلوم ہو کہ فلاں شخص مفید اور فائدہ رساں چیز کو بگاڑنے کی کوشش کر رہا ہے یا گورنمنٹ کے خلاف کوئی کارروائی کر رہا ہے یا جماعت کے خلاف کسی شرارت سے کام لے رہا ہے یا کسی خاندان کو تباہ کرنے میں لگا ہوا ہے یا کسی فرد واحد کو نقصان پہنچانے لگا ہے تو اس کا چھپانا گناہ ہوگا اور اس کا ظاہر کرنا غیبت نہیں کہلائے گا بلکہ یہ جائز اور ضروری ہوگا۔

بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جو جماعت کے خلاف سازش کرتے۔ بدگوئیاں کر کے جماعت کے انتظام کو بگاڑتے، خرابیاں بیان کر کے لوگوں کے دلوں میں نفرت پیدا کرتے ہیں۔ ان کی باتیں سننے والا اگر خاموش رہے اور یہ سمجھے کہ میں نے ثواب کا کام کیا ہے۔ تو یہ صحیح نہیں۔ ایسی باتوں کے متعلق خاموش رہنا ثواب نہیں۔ بلکہ گناہ ہوگا کیونکہ جو شخص ایک جماعت کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے اسے اگر قتل بھی کرنا پڑے تو ضروری ہے۔ اسی طرح وہ شخص جو جماعت کا قائم مقام ہو۔ اس کا قتل کرنا جماعت کا قتل کرنا ہوگا اور یاد رکھنا چاہئے، قتل کرنا تلوار سے ہی نہیں ہوتا بلکہ اس کے درجہ اس کی حیثیت کو کم کرنا یا اس کے خلاف برائی اور بددلی پھیلانا بھی قتل کرنا ہے۔ رسول کریم ﷺ نے ایک ایسے شخص کو جس نے ایک دوسرے شخص کی اس کے منہ پر تعریف کی۔ فرمایا تو نے اس کو قتل کر دیا۔

(بخاری و مسلم براویت مشکوٰۃ کتاب الادب باب حفظ اللسان والغیبۃ والشتم)

تو قتل کئی طرح سے کیا جاتا ہے۔ پس اگر کوئی ایسی بات کو چھپاتا ہے جو جماعت کے خلاف ہے، جماعت کے قائم مقام کے خلاف ہے تو وہ گناہ کرتا ہے۔ کیونکہ جس طرح کسی کا عیب بلاوجہ بیان کرنا گناہ ہے اسی طرح اگر کوئی جرم کا ارتکاب کر رہا ہو۔ تو اس کا چھپانا منع ہے ایسے فعل چار قسم کے ہوتے ہیں۔

(1) اگر کوئی حکومت یا امام کے خلاف شرارت کر رہا ہو تو اس کا چھپانا منع ہے۔ (2) اگر کوئی ایسا فعل کر رہا ہو کہ اس کی ذات کو اس سے نقصان پہنچنے والا ہو۔ مثلاً کوئی شخص زہر کھانے لگا ہو۔ اس کو اگر کوئی شخص ایسا ہے جو روک سکتا ہے تو اسے نہ بتانا گناہ ہے۔ (3) یہ کہ ایک ایسا عیب ہے جس کے بیان نہ کرنے سے اس کی ذات کو نقصان پہنچتا ہو۔ مثلاً کسی نے اس کا مال دبا لیا ہو اور وہ قاضی کے پاس عدالت میں جا کر اس بات کو بیان نہ کرے۔ تو اسے مال کس طرح مل سکے گا۔ تو ایسی باتوں کا بیان کرنا بھی جائز ہے۔ ہاں اگر بیان نہ کرے۔ تو گناہ نہیں ہے۔ یا مثلاً کسی نے اس کو مارا۔ اس کے لئے جائز ہے کہ عدالت میں جائے اور اس واقعہ کو بیان کرے، لیکن اگر نہ جائے اور نہ بیان کرے تو یہ اس کے لئے ناجائز نہیں ہوگا۔ پہلی دو باتیں جو میں نے بیان کی ہیں۔ ان کا نہ بیان کرنا گناہ کرنا ہے اور بیان کرنا ثواب کا کام ہے، لیکن یہ ایسی ہے کہ نہ بیان کرنا گناہ نہیں اور بیان کرنا جائز ہے۔

اس میں میں نے ایک شرط لگائی ہے۔ اس کو مدنظر رکھنا ضروری ہے اور وہ یہ کہ اس عیب کو بیان کرنا چاہئے۔ جو اس کی ذات کے لئے فائدہ مند ہو۔ یعنی جو عیب بیان کرے۔ اسی میں اس کا فائدہ ہو۔ مثلاً کسی نے مارا ہے اور اس بات کو بیان کر کے بدلہ لینے میں اس کا فائدہ ہے لیکن اگر کسی نے تھپڑ مارا ہو اور اس کا جھوٹ بیان کرتا پھرے تو یہ ناجائز ہوگا۔ اس کا مجسٹریٹ کے پاس جا کر کہنا کہ فلاں نے مجھے تھپڑ مارا ہے یہ تو جائز ہے، لیکن اگر وہ جا کر یہ کہے کہ فلاں جھوٹ بولتا ہے یا اس کا کوئی اور عیب بیان کرے تو یہ ناجائز ہے۔

(4) یہ کہ ایسا عیب جس سے دوسروں کو نقصان پہنچتا ہو۔ اس کا بیان کرنا بھی ضروری ہوگا لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ جب اس کی اپنی ذات کے متعلق ہو۔ تو جائز ہوگا اور اسے حق ہوگا کہ بیان کرے یا نہ کرے کیونکہ اپنی ذات کے متعلق عفو اور درگزر کرنے کا وہ حق رکھتا ہے، لیکن دوسروں کے متعلق یہ حق نہیں رکھتا اس لئے دوسروں کو اگر نقصان پہنچتا ہو تو اس کا بیان کرنا اس کے لئے ضروری ہے۔

ان چار اصول کے ماتحت عیب بیان کرنا جائز ہوگا۔ انہی کے ماتحت یہ بھی جائز ہوگا کہ مثلاً کسی نے مشورہ کرنا ہے۔ ایک جگہ شادی کرنا چاہتا ہے اور پوچھتا ہے کہ فلاں لڑکی میں کوئی عیب ہو تو بتاؤ۔ اس کے جواب میں اگر کوئی عیب بیان کرتا ہے تو یہ بھی جائز ہوگا۔

اسی طرح سب باتیں ان چار قسموں میں داخل ہیں۔ مذہب، سیاست، حکومت کے خلاف کوئی بات ہو یا (2) ایسی بات ہو کہ اس کی ذات کو اس سے نقصان پہنچتا ہو جیسا کہ زہر کی مثال سے میں نے سمجھایا ہے۔ ایسا ہی اعتقادات میں خرابی ہو۔ اگر اس کے متعلق نہ بتایا جائے گا تو اسے نقصان پہنچے گا۔

غرض جتنے عیوب بیان کرنے جائز ہیں وہ سب ان چاروں قسموں کے اندر آجائیں گے۔ لوگوں نے ان کی بہت سی قسمیں مقرر کی ہیں۔ مگر اصل میں یہ چار ہی ہیں۔ ان کے اندر سارے آجاتے ہیں۔ ان سب کی ایک قسم یہ ہے کہ وہ عیب بیان کرنے جائز ہیں۔ جن سے کسی نہ کسی کو نقصان پہنچتا ہو۔ یہ بڑی قسم ہے اس کے نیچے چاروں قسمیں آجائیں گی۔

پھر یاد رکھو وہی عیب بیان کرنا چاہئے جو حقیقی طور پر ہو اور جس کا تدارک کیا جا سکتا ہو۔ اگر ایسا نہیں تو پھر اس کا بیان کرنا ناجائز ہے۔ یا بعض ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے بیان کرنے سے فائدہ ہوتا ہے اور نہ بیان کرنے سے نقصان۔ یا بعض ایسے کہ جن کے بیان کرنے سے فائدہ ہوتا ہے اور نہ بیان کرنے سے نقصان نہیں ہوتا۔ حاکموں اور ذمہ وار لوگوں کے پاس عیب بیان کرنے پر قرآن نے اور رسول کریم ﷺ نے بہت زور دیا ہے مگر ساتھ ہی یہ بھی رکھا ہے کہ ایسے عیب کہ جن کے بیان کرنے سے کوئی فائدہ نہ ہو یا جن کی وجہ سے کوئی نقصان نہ ہوتا ہو بلکہ ذاتی عیوب ہوں۔ ان کو بیان نہیں کرنا چاہئے۔ ان کے بیان کرنے سے خاص طور پر روکا گیا ہے۔ چنانچہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کے عیب میرے سامنے اس رنگ میں بیان نہ کرو کہ میرے دل میں ان سے نفرت پیدا ہو یہی اچھا ہے کہ میں جب گھر سے نکلوں تو سب کی محبت میرے دل میں ہو۔

(ابو داؤد بروایت مشکوٰۃ کتاب الادب باب حفظ اللسان والغیبۃ والشتم)

تو حاکم یا قاضی یا خلیفہ یا امام کے پاس کسی کے ذاتی عیب اس لئے بیان کرے کہ اس کے دل میں نفرت پیدا ہو۔ منع ہیں۔ صرف ایسے عیب بیان کرنے جائز ہوں گے کہ جن کی اصلاح کی طرف توجہ دی جا سکے یا ایسے کہ اگر نہ

میری پیاری امی جان مکرمہ امۃ الرحمٰن بیگم صاحبہ

مکرمہ ڈاکٹر امۃ المصور سمیع صاحبہ

میری پیاری امی جان حضرت مولانا ابوالعطاء جالندھری کی پہلی بیگم مکرمہ زینب بیگم صاحبہ بنت ڈاکٹر ابراہیم صاحب کے بطن سے پیدا ہوئیں۔ آپ کی دو بہنیں تھیں۔ محترمہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ (مدیرہ رسالہ مصباح) اور مبارکہ بیگم صاحبہ جو نوعمری میں ہی وفات پاگئی تھیں۔ آپ کے بھائی محترم عطاء الرحمٰن طاہر صاحب ہیں۔ جو آجکل کراچی میں رہائش پذیر ہیں۔

جب والدہ محترمہ ساڑھے تین سال کی تھیں تو ان کی امی جان بعمر 22 سال انتقال فرماگئیں اور بہشتی مقبرہ قادیان میں مدفون ہوئیں۔ سارے بچے چھوٹے تھے اور بہت کربناک دور تھا۔ حضرت اباجان (مولانا ابوالعطاء جالندھری صاحب) مربی سلسلہ تھے اور آپ پر محض خدا کے فضل وکرم سے سلسلہ کی بہت سی ذمہ داریاں تھیں۔ اس موقع پر آپ نے اخبار الفضل میں دعا کی غرض سے ایک مضمون چھپوایا۔ اس مضمون کا کچھ حصہ قارئین کی نذر ہے۔ آپ نے لکھا کہ

”محترمہ زینب بیگم صاحبہ اپنے بچوں کے لئے بہت بلند خیالات رکھتی تھیں۔ انہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ مگر صحت نے اجازت نہ دی۔ طویل اور تکلیف دہ مرض کے باوجود اللہ کا شکر اور حمد وثنا ان کا وظیفہ تھا۔ کبھی حرف شکایت زبان پر نہ آیا“۔

محترمہ زینب بیگم صاحبہ کی وفات کے بعد ان بچوں کی ذمہ داری حضرت اباجان کی والدہ محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ اور ان کی بیٹی ہاجرہ بیگم صاحبہ اہلیہ محمد حنیف صاحب نے ادا کی اور ان بچوں پر خاص توجہ دی۔ امی جان نے ان کی اس بات کو ہمیشہ یاد رکھا اور اپنی پھوپھی جان اور ماموں جان اور ان کے بچوں کے لئے خاص محبت اور عزت کا جذبہ آخری وقت تک نبھایا۔

1930ء میں حضرت اباجان نے محترمہ سعیدہ بیگم صاحبہ بنت حضرت مولوی عبداللہ صاحب سے دوسری شادی کی جس سے آپ کے 3 بیٹے اور 5 بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

محترم عطاء الکریم شاہد صاحب، محترم عطاء الرحیم صاحب، محترمہ امۃ الباسط ایاز صاحبہ، محترم عطاء المجیب راشد صاحب، محترمہ امۃ المجیب جاوید صاحبہ، محترمہ امۃ الحکیم لئیقہ صاحبہ، محترمہ امۃ السمیع راشد صاحبہ اور محترمہ امۃ الرفیق طاہر صاحبہ۔

امی جان کا بچپن قادیان میں ہی گزرا۔ آپ نے دینی اور دنیاوی تعلیم یہیں سے حاصل کی۔ پاکستان بننے کے بعد آپ کی ساری فیملی پاکستان منتقل ہوگئی اور آپ کی فیملی کی مستقل سکونت ربوہ میں ہوئی۔ یہاں آکر خالہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ رسالہ مصباح کی پہلی مدیرہ ہوئیں۔ امی جان کو اپنی آپا سے بہت پیار تھا۔ آپ ہمیشہ ان کا ذکر بہت پیار ومحبت سے کرتیں۔ چونکہ خالہ صاحبہ جوانی میں ہی وفات پاگئی تھیں اور آپ بھی بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہوئیں۔ امی جان کو اپنی بہن کی کمی کا بھی بہت احساس تھا۔ شادی سے پہلے امی جان نے خواب میں دیکھا کہ انہوں نے بالوں میں سفید موتیوں کا کلپ لگایا ہوا ہے۔ انہوں نے اپنی آپا کو یہ خواب بتائی تو انہوں نے ان موتیوں کو ان کے بچوں سے تعبیر کیا اور محض خدا کے فضل وکرم سے یہ خواب امی اور ابوجان کی زندگی میں ہی پورا ہوا۔

امی جان کو بچپن میں ہی حضرت اماں جان سے بھی ملنے کا اتفاق ہوا۔ آپ اپنی چھوٹی پھوپھو سائرہ بیگم صاحبہ کے ساتھ حضرت اماں جان سے ملیں۔ امی جان نے بتایا کہ آپ بہت ہی پیارا اور پاکیزہ وجود تھیں اور ہم دونوں سے بہت پیار اور محبت سے ملیں۔ یہ واقعہ امی جان کی زندگی کا یادگار واقعہ تھا۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد امی جان کی شادی ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب انبالوی سے ہوئی۔ آپ کا نکاح حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے پڑھایا۔ شادی کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو آٹھ بیٹیاں اور 3 بیٹوں سے نوازا۔ خدا کے فضل وکرم سے آپ کی 7 بیٹیاں ڈاکٹر ہیں۔ ایک بیٹی کمپیوٹر پروگرامر ہے۔ دو بیٹے ڈاکٹر ہیں اور ایک بیٹا انجینئر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موتیوں کے کلپ کا امی جان کا خواب بہترین رنگ میں اپنے فضل وکرم سے پورا فرمایا۔

شادی کے بعد کے حالات

والد صاحب چونکہ شعبہ طب سے تعلق رکھتے تھے اور سرکاری ملازمت کرتے تھے۔ اس لئے آپ کا تبادلہ پاکستان کے مختلف شہروں میں ہوتا رہا۔ نیز کئی چھوٹے شہروں میں بھی کام کرنے کا موقع ملا۔ خاص کر صوبہ بلوچستان اور صوبہ سرحد میں۔ امی جان نے ہمیشہ ابوجان کے ساتھ دور دراز کے علاقوں میں سفر کیا اور ایسے موقعوں پر ہر ضرورت کا خیال رکھا۔ کئی دفعہ ایسے مواقع آئے کہ کچھ ہی مہینوں کے بعد تبادلہ کر دیا جاتا تھا۔ ایسے موقع پر ساری پیکنگ کرنی۔ گھر دوسری جگہ منتقل کرنا اور پھر چھوٹے بچوں کا ساتھ۔ ان کے تعلیمی مسائل سب کچھ ساتھ ساتھ ہی ہوتا۔ مگر آپ نے ہمیشہ بڑے تحمل اور صبر کے ساتھ اپنے شریک حیات کا ساتھ نبھایا۔ بلوچستان میں ملازمت کے دوران نہایت شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ جس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ والد صاحب احمدی اور پنجابی تھے اور احمدیت کی شدید مخالفت کا سامنا تھا۔ 1974ء کے پُر آشوب دور میں جب والد صاحب کی پوسٹنگ تُربت میں ہوئی تو وہاں کے لوکل ڈاکٹر نے ابوجان کو زدوکوب کیا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں۔ وہاں حالات بہت ہی مخدوش تھے۔ مگر خدا کے فضل وکرم سے والد صاحب کی زندگی بچ گئی۔ اس موقع پر آپ نے بڑے عزم وحوصلہ سے کام لیا۔ ہم بچوں کو حوصلہ سے رکھا۔ اس موقع پر اباجان نے حضور کو باقاعدگی سے خطوط لکھے۔ ان حالات کے پیش نظر اباجان نے دعا پڑھنے کی ہدایت کی امی جان نے ہم سب کو خاص کر یہ دعا یاد کر کے پڑھنے کو کہا۔

رب کل شی خادمک ......اور محض خدا کے فضل وکرم سے ہم وہاں سے باعزت طور پر کوئٹہ آگئے۔

بیوی ہونے کے ناطے امی جان نے ابو جان کا بہت عزت اور احترام کیا۔ ہمیشہ ان کی پسند اور ناپسند کو اولیت دی۔ آپ کی ان کے ساتھ بہت ذہنی ہم آہنگی تھی۔ آپ ان کے رشتے داروں کا بھی خاص خیال رکھتی تھیں۔ سب کی عزت کرتیں اور ہمیشہ کوشش ہوتی کہ جب کوئٹہ سے ربوہ آئیں۔ ملنے والوں کے لئے چھوٹے چھوٹے تحفے وغیرہ لے کر جائیں۔ جلسے جب ربوہ میں ہوا کرتے تھے تو سب کے گھر ملنے جاتیں۔ بچوں کی تربیت کے سلسلے میں والد صاحب کو کبھی شکایت کا موقع نہ دیا۔ نماز باقاعدگی سے سنتیں۔ قرآن شریف ہم سب بچوں کو پڑھایا کئی دفعہ والد صاحب نے امی جان سے کہا کہ بچوں کی مائیں باپوں کو بچوں کی شکایتیں لگاتی ہیں مگر تم نے کبھی مجھے کسی بچے کی شکایت نہیں لگائی۔ خود ہی سب کچھ Manage کر لیتی ہو۔ اس موقع پر امی جان کے چہرے پر ہمیشہ ایک پیاری سی مسکراہٹ ہوتی۔

امی جان خود ہاؤس وائف تھیں۔ مگر چونکہ والد صاحب شام کو پریکٹس بھی کرتے تھے۔ تو آپ ہمیشہ ان کے ساتھ مدد کرواتیں۔

محض خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے امی جان اور ابو جان کو احمدیت اور خلافت سے خاص لگاؤ تھا۔ ایک دفعہ والد صاحب کی پوسٹنگ لسبیلہ میں تھی تو ان کے سیکرٹری ہیلتھ نے پیغام بھیجا کہ میں اس ضلع کا دورہ کرنا چاہتا ہوں۔ ان دنوں ربوہ میں جلسہ تھا۔ والد صاحب اور ہم سب سارا سال باقاعدگی سے جلسے کا انتظار اور تیاری کرتے تھے اور یہ بہت مشکل امر تھا کہ جلسہ کو چھوڑ دیا جائے۔ والد صاحب نے امی جان سے مشورہ کیا اور سیکرٹری صاحب سے درخواست کی کہ چونکہ ان دنوں میں ہمارا مذہبی جلسہ ہوتا ہے اور ہم نے ضرور جانا ہے اس لئے مہربانی کر کے ان تاریخوں کو تبدیل کر لیں۔ چونکہ سیکرٹری صاحب احمدیت کی وجہ سے والد صاحب کے خلاف ہی تھے۔ انہوں نے اپنا فیصلہ تبدیل نہ کیا۔ ابوجان نے سب کو اور خود کو دعاؤں میں مشغول کر لیا۔ آخر وہ دن آگیا جس دن ہم نے صبح جلسے پر جانا تھا۔ صبح سویرے ابوجان نے بتایا کہ رات مجھے خواب میں کسی نے کہا ہے کہ جلسہ پر چلیں اور ہم سب جلسہ سالانہ پر روانہ ہو گئے۔ پیچھے سے سیکرٹری صاحب نے ضلع کا دورہ کیا اور والد صاحب کی ساری سالانہ رپورٹیں خراب کر دیں اور جتنا عرصہ وہ اس پوسٹ پر رہے۔ والد صاحب کو ہمیشہ ان سے تکلیف ہی پہنچتی رہی۔ مگر والد صاحب اور امی جان نے کبھی بھی اس بات کی پرواہ نہ کی۔

اولاد کی تربیت

امی جان نے اولاد کی تربیت کے لئے حضرت اماں جان کے اس قول پر عمل کیا کہ بچے کو کہنا ماننے کی عادت ڈالیں پھر بچے کی تربیت خود بخود صحیح ہو جائے گی۔ آپ نے اس اصول کو اپنایا۔ آپ گھر میں ہمیشہ کوشش کروا کر باجماعت نماز کا بندوبست کرواتیں۔ خاص کر ایسے علاقوں میں جہاں والد صاحب کی پوسٹنگ ہوئی اور وہاں بیت الذکر کی سہولت نہ تھی۔ جہاں بیوت ہوتیں وہاں ہم بھائیوں اور بہنوں کو جمعہ اور نمازوں کے لئے خاص اپنے ساتھ لے کر جاتیں۔ ہمارے ہاتھوں سے چندہ دلواتیں۔ ہر اچھی بات کے لئے ہمیشہ خود نمونہ بنتیں۔ جس کو دیکھ کر ہم سب اس پر عمل کرتے تھے۔ آپ روزانہ بچوں سے یسرنا القرآن اور قرآن مجید کا سبق سنتی تھیں۔ ہمارے گھر بڑی باقاعدگی سے جماعت کے رسائل اور اخبار آتے تھے۔ جس کو سب باقاعدگی سے پڑھتے۔ آپ صبح باقاعدگی سے قرآن شریف کی تلاوت کرتی تھیں، تہجد گزار تھیں۔ ایک دفعہ جمعہ کے دن میں قرآن شریف پڑھ رہی تھی تو کہنے لگیں بچے جمعہ کو سورۃ جمعہ ضرور پڑھا لیا کرو۔ اس بات کو میں نے پلے سے باندھ لیا اور کوشش کر کے ضرور سورۃ جمعہ پڑھ لیتی ہوں۔ لجنہ کے اجلاسوں میں آپ باقاعدگی سے ہم کو بھی لے کر جاتیں۔ آپ نے سیکرٹری وصایا کے طور پر بھی کام کیا۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر آپ گہری دلچسپی لے کر تیاری کرتیں اور کرواتیں۔ آپ غریبوں کی بہت ہمدرد تھیں۔ کوئٹہ میں ہم نے جب اپنا گھر بنوایا تو وہ ابھی نامکمل تھا۔ مگر ہمارے گھر جو عورت کام کرتی تھی۔ وہ باقاعدگی سے وہاں آکر سخت سردی میں سب کام کر جاتی تھی۔ جبکہ وہاں گرم پانی وغیرہ کی سہولت اس وقت نہیں تھی۔ امی جان ہمیشہ اس کو پیار سے یاد کرتی تھیں۔ ایک دفعہ لاہور میں کام کرنے والی کا بچہ چھت سے گر گیا۔ امی جان نے مجھے فوراً اس کے گھر بھیجا اور کچھ پیسے بھی اسے بھجوائے اور مجھے اور بہن کو خاص تاکید کی کہ ہسپتال میں اس کا علاج کروا اور کوئی کمی نہ رہ جائے۔

میری پیاری امی جان نے ہم بہنوں اور بھائیوں میں کبھی فرق نہ کیا۔ سب کو بہت پیار کرتی تھیں۔ آپ نے ہماری تعلیم وتربیت اور اعلیٰ تعلیم کے لئے خود بڑی تنگیاں اٹھائیں اور ہم سب پر بہت محنت کی اور کبھی اس بات کا احساس نہیں ہونے دیا۔ ساری بہنوں کو اپنے ساتھ کھڑا کر کے کوکنگ سکھائی۔ جب باورچی خانے میں ہوتیں ہر چیز سلیقے سے رکھتیں اور ہمیشہ کہتیں

کہ کھانے پینے کی چیزیں ڈھک کر رکھا کرو۔

امی جان متناسب جسم کی مالک تھیں۔ ایک دفعہ میں نے پوچھا کہ آپ بڑی سمارٹ ہیں۔ ہم تو ہر وقت ڈائٹنگ کے چکروں میں ہی رہتے ہیں۔ تو پیار سے کہنے لگیں کہ میں کبھی بھی بے وقت نہیں کھاتی اور فالتو چیز بھی نہیں کھاتی اور واقعی یہ ان کی سمارٹ نس کا راز تھا کہ فالتو چیز اور بے وقت نہ کھانا کھاؤ۔

ایک دفعہ انگلینڈ سے بھائی جان اور بہن وغیرہ آئے ہوئے تھے۔ میں ہسپتال سے گھر لیٹ پہنچی امی جان سو رہی تھیں۔ شام جب سب چائے پر اکٹھے بیٹھے تو امی جان نے پوچھا کہ مصور آج تم لیٹ آئی ہو۔ میں نے امی جان کو دل کی بات سچ سچ بتا دی میں نے کہا کہ میں نے آج سوچا تھا کہ آج آپ نے مجھے مس ہی نہیں کیا ہوگا کہ اور بچے جو آئے ہوئے ہیں اور امی جان نے بڑے پیار سے میری طرف دیکھا اور کہا کہ یہ کس طرح ہوسکتا تھا۔ مجھے جب بھی یہ واقعہ یاد آتا ہے آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔

آپ کی بہت سی خصوصیات میں اہم خصوصیت آپ کی نرم زبان اور خوش اخلاقی تھی۔ آپ بہت نرم زبان استعمال کرتیں۔ اگر کسی کو سمجھانا ہوتا تو بڑے پیار سے سمجھاتیں، کبھی سخت زبان استعمال نہ کرتیں اور آپ ہمیشہ ہم سب کو اس بات کی تلقین کرتیں کہ نرمی سے بات کیا کرو۔ بڑوں کی عزت اور چھوٹوں سے پیار کیا کرو۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی امی جان کو غصے میں اور اونچا بولتے نہیں سنا۔ آپ بہت نفیس طبیعت کی مالک تھیں۔ اپنے لباس کا خاص خیال رکھتیں دوپٹے پر ہمیشہ ہلکا سا گوٹہ کناری لگا کر رکھتیں۔ آپ نے سب بچوں کی شادیاں سادگی سے کیں اور ہر طرح کی بدرسوم سے اجتناب کیا۔

6/اگست 1995ء کو جب والد صاحب اس دنیا سے رخصت ہوئے تو امی جان نے بڑے صبر اور حوصلے سے کام لیا۔ جب تیسرا دن ہوا تو ہم سب کو بلایا اور کہا کہ آپ سب اپنے کاموں کو جاؤ۔ دین میں صرف 3 دن کا سوگ ہوتا ہے۔ میری بات اور ہے۔ آپ نے بڑی ہمت سے یہ بات کہی۔ والد صاحب کی وفات کے بعد آپ نے تقریباً 10 سال کا عرصہ گزارا۔ آپ نے بہنوں کی شادیاں کیں۔ بڑے کٹھن اور پریشان حالات بھی ہوتے۔ مگر ہمت نہ ہاری اور نہ کبھی ناشکری اور پریشانی کے کلمات منہ سے نکالے۔ خدا تعالیٰ پہ بڑا مضبوط ایمان تھا۔ ہر مشکل گھڑی میں دعاؤں سے کام لیتیں۔ جب کبھی بھی فکر کی بات ہوئی ہمیشہ لاالٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین پڑھنے کی تلقین کرتیں۔ ایک دفعہ کوئی بڑی فکر والی بات ہوگئی میں نے گھبراہٹ میں کہہ دیا کہ اب کیا ہوگا؟ تو امی جان نے بڑے رعب سے کہا کہ خدا ہے نا! اور یہ الفاظ میری زندگی کے لئے مشعل راہ بن گئے۔

خلافت سے محبت

میری والدہ صاحبہ نے خدا کے فضل وکرم سے چار خلفاء کا دور دیکھا۔ جب بھی آپ والد صاحب کے ساتھ جلسے پر جاتیں۔ خلیفۃ المسیح سے ضرور ملاقات کا شرف حاصل کرتیں۔ 1987ء میں ہم سب بہن بھائی والدین کے ساتھ UK کے جلسہ سالانہ پر گئے جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے ملاقات ہوئی تو حضور نے سب بہنوں بھائیوں سے پوچھا کہ کیا کرتے ہیں تو آپ نے پھر امی جان سے کہا کہ آپ نے تو اپنا کلیجہ ہی بچوں کو دے دیا۔ احمدی ماؤں کو ایسا ہونا چاہئے۔ امی جان کے لئے یہ فقرہ بہت بڑا اعزاز تھا۔ آپ جب یہ فقرہ یاد کرتیں۔ خدا کا بہت شکر ادا کرتیں اور یہ سب خدا کا فضل وکرم ہی تو تھا۔

